اردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 419 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

رُو نما کب ہو گا راہِ زیست پر منزل کا چاند ...... ختم کب ہو گا اندھیروں کا سفر، خیرالبشرؐ

کب ملے گا ملتِ بیضا کو پھر اوجِ کمال ...... کب شبِ حالات کی ہو گی سَحر، خیرالبشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3x3+1=10)

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی ...... کھلتے ہیں غلاموں پر اَسرار شہنشاہی

عطّار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو ...... کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

نومید نہ ہو اِن سے، اے رہبرِ فرزانہ! ...... کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موتیے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبّر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبّر ان کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) پہاڑ پر پہنچے تو عجیب طرح کی خوشبو مہک رہی تھی۔ چلتے چلتے شاہ صاحب تک پہنچے۔ ہُو کا مقام تھا۔ نہ آدمی نہ آدم زاد۔ تن تنہا شاہ صاحب ایک غار میں رہتے تھے۔ کیسی نورانی شکل تھی، جیسے فرشتہ۔ ہم کو دعا دی، بیگم کو بارہ لونگیں دیں اور کچھ پڑھ کر دم کر دیا۔ مجھ سے کہا، چلی جا۔ آگرے اور دلی میں لوگوں کے کام بنا۔ بیٹی، ان بارہ لونگوں میں سے دو لونگیں یہ ہیں۔ ہم سب حج کر کے لوٹے تو نواب صاحب یا تو بیگم کی بات نہ پوچھتے تھے، یا یہ نوبت ہوئی کہ ایک مہینے آگے سے بمبئی میں آ کر بیگم کو لینے کو پڑے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کرپشن ایک ناسور (ii) اتحادِ عالمِ اسلام (iii) تعمیرِ وطن میں طلبا کا کردار

7 - اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں مہنگائی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ (10)

306-419-63000